ناخن تراش (نیل) کارکنوں کے حقوق کا بل

کم از کم اجرت:

اوور ٹائم سمیت، آپ کو اپنے کیے ہوئے کام کے ہر گھنٹے کے لیے ادائیگی کی جانی چاہیے، چاہے آپ کو "کمیشن" پر ادائیگی کی گئی ہو یا آپ تجربہ کار نہ ہوں۔

امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر، آپ کو یہ حقوق حاصل ہیں۔

اگر آپ کے پاس لائسنس نہیں ہے تو آپ کو نیل ٹرینی لائسنس حاصل کرنا چاہیے، جو آپ مفت میں حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے براہ کرم ہاٹ لائن پر رابطہ کریں۔

معلومات یا مدد کے لیے کال کریں:

(888) 469-7365

آجروں کو کبھی یہ نہیں کرنا چاہئے:

- آپ کی ٹپس یا اجرت لے لینا
- آپ کو کم از کم اجرت سے کم ادائیگی کرنا
- سزا کے طور پر یا کسی اور وجہ سے، آپ کو نوکری یا تربیت کے لیے ادائیگی کرنے پر مجبور کرنا
- آپ کو کھانے کا وقفہ دینے سے انکار کرنا
- ماسک اور/یا دستانے پہننے کے آپ کے حق سے انکار کرنا
- اپنی اجرت یا کام کے حالات کے بارے میں شکایت کرنے پر آپ کو کسی بھی طرح سے سزا دینا

آپ کی حفاظت کے لیے، مالکان کو چاہیے کہ کارکنوں کو لازماً یہ فراہم کریں:

- مصنوعی ناخنوں کو بفنگ / فائل کرتے وقت یا مصنوعی ناخنوں کا پاؤڈر استعمال کرتے وقت استعمال کے لیے سانس لینے کیلے ریسپائریٹر(خصوصی ماسک)
- کیمیکلز یا فضلہ کو سنبھالنے کے دوران، صفائی کے دوران، اور کوئی بھی ایسی خدمت جو انجام دیتے وقت گاہک کی جلد خراب ہو سکتی ہے، کے استعمال کے لیے دستانے۔
- کیمیکلز تیار کرنے، منتقل کرنے یا ڈالتے وقت استعمال کے لیے آنکھوں کے حفاظتی چشمے

مقام	پہلے 40 گھنٹے فی ہفتہ، کم از کم:	40 گھنٹے کے بعد فی ہفتہ، کم از کم:
نیو یارک سٹی	$16.50 فی گھنٹہ	$24.75 فی گھنٹہ
لانگ آئی لینڈ اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی	$16.50 فی گھنٹہ	$24.75 فی گھنٹہ
نیو یارک ریاست کے باقی ماندہ حصے	$15.50 فی گھنٹہ	$23.25 فی گھنٹہ

نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف لیبر ایک مساوی مواقع کا آجر/پروگرام ہے۔
معذوروں کے لیے درخواست پر معاون سہولیات اور خدمات دستیاب ہیں اور بلا معاوضہ ہیں TTY/TDD 711 یا 1220-662-800-1 (انگریزی) / 4886-662-877-1۔

P718 UR (11/24)